# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تحقیق و تدوین اصول اور روایت (9021) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- تحقیق سے کیا مراد ہے؟ اردو میں تحقیق کے ارتقا پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال 2- اورینٹل کالج کے اساتذہ نے تحقیق کو ایک نیا رنگ دیا، بحث کریں۔ (20)

سوال 3- خاکہ سے کیا مراد ہے؟ کسی تحقیقی منصوبے کی خاکہ سازی کن بنیادی لوازم کا تقاضا کرتی ہے؟ واضح کریں۔ (20)

سوال 4- تحقیقی کام کے لیے لائبریری کی اہمیت اور ضرورت پر جامع شذرہ قلم بند کریں۔ (20)

سوال 5- دنیا میں حوالہ نگاری کے کون کون سے اسالیب مروج ہیں؟ اہم اسالیب کا تعارف کرائیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- فن تحریر کے آغاز و ارتقا پر تفصیلی مضمون قلم بند کریں۔ (20)

سوال 2- مخطوطہ شناسی سے کیا مراد ہے؟ مخطوطات کی قدر و قیمت اور اہمیت پر جامع شذرہ تحریر کریں۔ (20)

سوال 3- درج ذیل اصطلاحات تدوین کی وضاحت کریں۔ (5x4)

۱۔ جعلی نسخہ ۲۔ قیاسی تصحیح ۳۔ مختارات ۴۔ ترقیمہ

سوال 4- تدوین متن کی روایت میں مجلس ترقی ادب کی کارگزاری کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5- رشید حسن خاں کے تدوینی امتیازات پر مفصل مضمون لکھیں۔ (20)